© rasailojaraid.com

ساتھ زبان کی ہم آہنگی کا پورا خیال رکھا ہے اور مختلف النوع عنوانات اور متنوع موضوعات کو دائرہ تحریر میں لائے ہیں ۔ قرآن، حدیث، فقہ، تفسیر، تاریخ، صحافت ادب ہر جگہ یہ التزام رکھا ہے کہ اکابر علماء دیوبند اور سلفِ صالحین کے مخصوص مزاج سے موافقت پیدا ہو۔

مجھے اس پر دلی مسرت ہے کہ حقانی صاحب نے زندگی کی کامیابی کے لیے اپنا دائمی مستقل پروگرام تجویز کر لیا ہے اور اپنے اشغال، افکار، جذبات، اعمال اور صلاحیتوں کو محضِ حوادثِ واقعات کے حوالے کرنے کے بجائے ایک مستقل نظامِ عمل کے تحت مسلسل کام کرنے کا عزم کر رکھا ہے۔

ضرورت تھی کہ ان کے تحقیقی، تاریخی اور فکری کام کو متعارف کرایا جائے علمی و دینی اور مطالعاتی حلقوں میں اس کی اہمیت کو مزید اُجاگر کیا جاتے ان کے عظیم تحریری سرمائے سے استفادہ کی تحریک پیدا کی جائے خدا کا شکر ہے حضرت مولانا حافظ محمد ابراہیم فانی نے اس ضرورت کی تکمیل میں سبقت کی سعادت حاصل کی اور ایک وقیع کتاب "نقوشِ حقانی" تحریر فرمائی۔ جس میں انہوں نے اصل کتابوں کے تعارف کے ساتھ ساتھ تمام تحریروں کے اصل مرکزی مضمون کتاب کی روح اور اس کا عطر نچوڑ کر رکھ دیا ہے جس نے "نقوشِ حقانی" کی اہمیت اور افادی عظمت کو دوبالا کر دیا ہے جس کی ترتیب و تدوین پر فانی صاحب ہدیۂ تبریک کے مستحق ہیں، کتاب کی جمالی فہرست سے معلوم ہوتا ہے کہ مرتب عالی قدر نے مضامین کو سمیٹنے میں بڑی محنت فرمائی ہے پھر عناوین کی ترتیب کا ایک خاص انداز ہے جو ہر لحاظ سے جامع ہے۔ (قاضی محمد زاہد الحسینی)

## سہ ماہی نقوشِ میوات

مدیر: شبیر احمد خان میواتی ۔ قیمت فی پرچہ ۱۵ روپے ۔ ملنے کا پتہ: میو فاؤنڈیشن لاہور

زندہ قومیں ہمیشہ اپنی تاریخ اور ماضی کو زندۂ جاوید بنانے کی فکر میں رہتی ہیں۔ تاکہ ماضی کے آئینہ میں اپنے حال و مستقبل کا رُخ متعین کر سکیں۔ اور یہ بات خوش آئین ہے کہ کچھ عرصہ سے ہمارے ملک پاکستان میں تاریخ پڑھنے اور رکھنے کا ذوق کافی حد تک ترقی کر گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انتہائی قلیل عرصہ میں بہت سی تاریخی اور اسی میدان میں تحقیقی کتابیں سامنے آگئیں۔

میو قوم جو کہ ہندوستان کی آرین نسل کی پرانی قوموں میں سے ایک ہے اور ہندوستان کے وسیع و عریض رقبے پر مختلف علاقوں میں یہ لوگ آباد ہیں، عالمی تبلیغی تحریک کی وجہ سے اس قوم کا بہت چرچا ہوا۔ اور جہاں بھی تبلیغی جماعت کی تاریخ اور تحریک کا تذکرہ ہوگا۔ وہاں پر میواتیوں کا نام ضرور آئے گا۔

برادر محترم جناب شبیر احمد خان میواتی جو کہ مطالعہ کتب اور مقالات و مضامین کا انتہائی ستھرہ اور نفیس ذوق رکھتے ہیں اور آج کے اس مادہ پرستانہ دور میں جب کہ ہر شخص زر و دولت کے حصول کے لیے تگ و تاز میں مصروف ہے۔ اپنے آپ کو مطالعہ کتب اور تحقیقی ادبی تاریخی اور علمی کتابوں و مضامین کی جستجو کیلئے


© rasailojaraid.com